فوری ریلیز کے لیے: 1/11/2023 ***گورنر KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL کی جانب سے سنہ 2024 کے لیے ملازمین کے معاوضے کے تخمینے کی شرح میں کمی کا اعلان ، نیو یارک کے آجروں کے لیے ممکنہ بچتوں میں $50 ملین سے زائد کا اضافہ

سنہ 2024 میں محنت کشوں کے معاوضے کے تخمینے کی شرح 6 فیصد تک کم ہو جائے گی، جس کے نتیجے میں ریاست بھر میں 400,000 سے زیادہ چھوٹے کاروباری اداروں کو بڑی بچت ہو گی

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ نیو یارک کے آجروں کو ملازمین کے معاوضے کے تخمینے کی سالانہ شرح میں کمی کی وجہ سے سنہ 2024 میں $50 ملین ڈالر سے زیادہ کی بچت کی توقع ہے، جو آج مقرر کی گئی تھی اور اس کا اطلاق یکم جنوری 2024 سے ہو گا۔ آجر ریاست نیو یارک کے محنت کشوں کے معاوضے کے نظام کو چلانے کے لیے سالانہ تخمینہ ادا کرتے ہیں، جو ان محنت کشوں کو اہم فوائد فراہم کرتا ہے جو اپنی ملازمت کی وجہ سے زخمی یا بیمار ہو جاتے ہیں، جبکہ آجروں کو مہنگے مقدموں سے بچاتا ہے۔ متوقع بچتوں سے ریاست نیو یارک کے تمام آجروں کے لیے موجودہ تشخیصی اخراجات کم ہوں گے، جو خاص طور پر ریاست بھر میں 400,000 سے زیادہ چھوٹے کاروباروں کے لیے مددگار ثابت ہوں گے۔

گورنر Hochul نے کہا، "چونکہ نیو یارک کے آجر بڑھتی ہوئی لاگت اور مہنگائی سے نبردآزما ہیں، اس تخمینہ کاری کی شرح میں کمی چھوٹے کاروباروں کے لیے بامعنی بچت میں تبدیل ہو گی اور نیو یارک کے مکینوں کی جیبوں میں ان کی محنت سے کمائی ہوئی رقم ڈالے گی۔ ہماری چھوٹی کاروباری برادری اہم ملازمتیں فراہم کرتی ہے، ہماری مقامی معیشت کو آگے بڑھاتی ہے، اور ریاست بھر کے علاقوں کو مزید متحرک اور زیادہ پُر رونق بناتی ہے، اور میری انتظامیہ محنت کشوں کے معاوضے جیسے اہم فوائد کو برقرار رکھتے ہوئے کاروباری اداروں کے اخراجات کو کم رکھنے میں مدد کر کے، نیو یارک کو ملک میں سب سے زیادہ کاروبار دوست اور مزدور دوست ریاست بنانے کے لیے پُرعزم ہے"۔

ریاست نیو یارک کا محنت کشوں کے معاوضہ بورڈ کا چیئر ہر سال یکم نومبر تک تمام آجروں کے لیے تخمینہ کاری کی ایک شرح قائم کرتا ہے، جس کا اطلاق اگلے تقویمی سال کے یکم جنوری سے ہو گا۔ سنہ 2024 کے لیے، شرح معیاری پریمیم یا پریمیم کے مساوی کا 9.2 فیصد ہو گی، جو سنہ 2023 سے 6 فیصد کم ہے، جس سے ریاست نیو یارک کے کاروباری اداروں کو تقریباً $53 ملین کی بچت ہونے کی امید ہے۔

محنت کشوں کے معاوضہ بورڈ کی چیئر Clarissa Rodriguez نے کہا، "بورڈ کو نیو یارک کے کاروباری اداروں اور ان کے ملازمین کی حمایت میں گورنر کے ساتھ کھڑے ہونے پر فخر ہے۔ آجروں کے لیے کم لاگت کے بارے میں آج کے اعلان، اور ملازمین کے لیے کم از کم فوائد میں حال ہی میں اعلان کردہ اضافے کے ساتھ، ہم محنت کشوں کے معاوضے کا ایک ایسا نظام بنانے میں مسلسل پیشرفت کر رہے ہیں جو کارکنوں کے لیے بھی بہتر ہو اور کاروبار کے لیے بھی"۔

تخمینہ کاری کی شرحوں کا تعین محنت کشوں کے معاوضہ بورڈ کی ضرورت اور ریاست بھر میں بجٹ شدہ پریمیم سے کیا جاتا ہے۔ شرح کا حساب بورڈ کے کل تخمینی سالانہ اخراجات کو ریاست بھر میں کل تخمینہ شدہ پریمیم کی

بنیاد سے تقسیم کر کے لگایا جاتا ہے۔ بیمہ کنندگان کو تخمینے کی کی شرح کو اپنے پریمیم یا پریمیم کے مساوی پر لاگو کرنے کی ضرورت ہے۔

سنہ 2024 کی تخمینہ کاری کی شرح کے بارے میں مزید معلومات، اور محنت کشوں کے معاوضے سے متعلق آجروں کے لیے دیگر معلومات، NYS محنت کشوں کے معاوضہ بورڈ کی ویب سائٹ wcb.ny.gov پر دستیاب ہے۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں